سالانہ امتحان 2015-16

سلیبس اردو

حیدرآباد بورڈ

حصہ الف (کثیر الانتخابی سوالات)

سوال نمبر ۱: مندرجہ ذیل سوالات کے درست جواب کا انتخاب کریں۔

(i) زمین سے آسمان تک اسی ایک کی ۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔
(الف) حکومت (ب) بادشاہت (ج) سلطنت (د) طاقت

(ii) زندہ قومیں اپنے ۔۔۔۔۔۔۔۔ سے رشتہ نہیں توڑتیں۔
(الف) حل (ب) شہیدوں (ج) محسنوں (د) ماضی

(iii) عمر بن عبدالعزیزؒ خلیفہ بننے سے پہلے بڑی ۔۔۔۔۔۔۔۔ زندگی گزارتے تھے۔
(الف) عالیشان (ب) شاہانہ (ج) سادہ (د) فقیرانہ

(iv) ابن مریم سے ۔۔۔۔۔۔۔۔ مراد ہے؟
(الف) حضرت موسیٰ علیہ السلام (ب) حضرت ابراہیم علیہ السلام
(ج) حضرت آدم علیہ السلام (د) ان میں سے کوئی نہیں

(v) پہلی جنگ عظیم سے پہلے لیبیا میں ۔۔۔۔۔ حکومت تھی۔
(الف) فرانس (ب) برطانیہ (د) ترکی (د) ایران

(vi) جمن کو ۔۔۔۔۔۔۔۔ نے غلط رسموں سے نجات دلائی۔
(الف) مولوی صاحب (ب) ماسٹر صاحب (ج) ڈاکٹر صاحب (د) چودھری صاحب

(vii) رباعی میں ۔۔۔۔۔ مصرعے ہوتے ہیں۔
(الف) تین (ب) پانچ (ج) چھ (د) ان میں سے کوئی نہیں

(viii) لڑائی کے زمانے میں آبدوز کشتی عموماً ۔۔۔۔۔۔۔۔ کے وقت سطح سمندر پر ابھرتی ہے۔
(الف) صبح (ب) دوپہر (ج) رات (د) شام

(ix) مرزا غالب ۔۔۔۔۔۔۔ شہر میں پیدا ہوئے۔
(الف) دلی (ب) لکھنؤ (ج) آگرہ (د) کلکتہ

(x) کم آمیز کے معنی ہیں ۔۔۔۔۔۔۔
(الف) کم سننے والا (ب) کم بولنے والا (ج) کم ملنے والا (د) کم تولنے والا

(xi) ۔۔۔۔۔۔۔۔ کو بابائے اردو کہا جاتا ہے۔
(الف) ڈاکٹر غلام مصطفیٰ (ب) مولوی عبدالحق (ج) حفیظ جالندھری (د) علامہ شبلی نعمانی

(xii) خواجہ حسن نظامی کا خط ۔۔۔۔۔۔۔۔ کے نام ہے۔
(الف) بٹی (ب) بیٹے (ج) دوست (د) شاگرد

(xiii) بودوباش کے معنی ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔
(الف) لکھنا پڑھنا (ب) کھانا پینا (ج) رہنا سہنا (د) گھومنا پھرنا

(xiv) ”وہ کتاب پڑھ چکا تھا“ کا زمانہ حال کیا ہوگا؟
(الف) وہ کتاب پڑھے گا (ب) اس نے کتاب پڑھی (ج) وہ کتاب پڑھ چکا (د) وہ کتاب پڑھتا ہے

(xv) ”مسجد کی طرف دیکھو“ فعل امر کا جملہ ہے اس کا فعل نہی ہوگا۔
(الف) مسجد کی طرف دیکھنا (ب) مسجد کی طرف نہ دیکھو (ج) مسجد کی طرف کیوں دیکھا
(د) مسجد کی طرف کیوں نہ دیکھا

حصہ "ب" (مختصر سوالات)